507

59:سورۃ الحشر

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
59	سُوْرَةُ الْحَشْر	مدنی	3	24	28	قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آیات نمبر 1 تا 5 میں اہل یہود کے قبیلے بنی نضیر کی جلاوطنی کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ ان لوگوں نے مسلمانوں سے معاہدہ کیا پھر منافقین کے اشارہ پر اپنے کئے گئے عہد سے منحرف ہو گئے لیکن اللہ نے ان کے دلوں میں ایسا رعب ڈالا کہ بغیر لڑے جلاوطنی قبول کر لی۔ منافقین کو اس واقعہ سے عبرت حاصل کرنے کی دعوت۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① آسمانوں
اور زمین کی ہر چیز اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے، اور وہ غالب اور بڑی حکمت والا ہے هُوَ
الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ
الْحَشْرِ ؕ وہ اللہ ہی ہے جس نے مسلمانوں کے پہلے ہی حملہ میں اہل کتاب میں سے کفر
کرنے والوں کو ان کے گھروں سے باہر نکال دیا مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَ ظَنُّوْٓا
اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ
اے مسلمانو! تمھیں ہرگز یہ گمان نہ تھا کہ وہ اتنی آسانی سے باہر نکل جائیں گے اور وہ
بھی یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ ان کے قلعہ انہیں اللہ کی پکڑ سے بچالیں گے، پھر اللہ کا عتاب ان
پر ایسی جگہ سے آیا جس کا انہیں وہم و گمان بھی نہ تھا وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ
يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ اللہ نے ان کے دلوں میں ایسا
رعب ڈال دیا کہ وہ خود بھی اپنے گھروں کو مسمار کر رہے تھے اور مومنوں کے ہاتھوں بھی

تباہ کروارہے تھے فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾ سوائے اہل بصیرت! اس واقع سے
عبرت حاصل کرو پس منظر جنگ بدر کے کچھ عرصہ بعد اہل یہود کے قبیلے بنی نضیر کی جلاوطنی کا
واقعہ ہے جب معاہدہ کی خلاف ورزی پر ان کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا گیا۔ اللہ نے ان کے دلوں
میں ایسا رعب ڈالا کہ انہوں نے اس شرط پر جان بخشی کی التجا کی کہ وہ بغیر جنگ کئے یہاں سے جلا
وطن ہو جائیں گے اور جاتے ہوئے اپنے ہتھیاروں کے سوا جو سامان اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں
صرف وہ لے جائیں گے وَلَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي
الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾ اگر اللہ کی طرف سے جلاوطنی کی
سزا ان کے مقدر میں نہ لکھی ہوتی تو وہ دنیا میں بھی انہیں سخت عذاب دیتا اور آخرت
میں تو ان کے لئے آگ کا عذاب ہے ہی ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَ
مَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ اور اس کا سبب یہ ہے کہ انہوں
نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو کوئی اللہ کی مخالفت کرتا ہے تو اسے
یقین کر لینا چاہئے کہ اللہ سزا دینے میں بھی بہت سخت ہے مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ
اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰۤى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾
اے مسلمانوں! جن کھجور کے درختوں کو تم نے کاٹ ڈالا یا جنہیں ان کی جڑوں پر قائم
رہنے دیا تو یہ سب اللہ ہی کے حکم سے تھا اور اس لئے کہ وہ نافرمانوں کو ذلیل و رسوا
کرے یہود اور منافقین کے ان اعتراضات کا جواب کہ مسلمانوں نے ان کے پھلدار درخت
کاٹ کر بہت بڑا جرم کیا ہے

[# 507]

نام پارہ	پارہ شمار	آیات	تعداد رکوع	مکی / مدنی	نام سورہ	ترتیبِ تلاوت
قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ	28	24	3	مدنی	سُوۡرَۃُ الۡحَشۡر	59

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful

Verses 1 to 5 refer to the exile of the Jewish tribe of Banu Nadir. These people had made a treaty with the Muslims but, influenced by the hypocrites, they broke their covenant. However, Allah cast such fear into their hearts that they accepted exile without engaging in battle. The hypocrites are invited to take a lesson from this incident.

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

All that is in the heavens and all that is in the earth, highly exalts Allah. and He is the Almighty, the All-Wise.

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ

He is the One, who expelled those who disbelieved among the People of the Book, from their homes at the very first gathering [of believers against them].

مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّا نِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ
مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ

[O Muslims!] You never thought that they would come out [and depart] so easily. And they themselves assumed that their fortresses would protect them from [the punishment] of Allah. But Allah’s wrath came upon them from where they had never expected.

وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَ
اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ

And [Allah] cast such terror into their hearts that they began to destroy their houses with their own hands and at the hands of the believers.

فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۲

So, take a lesson [from this incident] O people of insight!

وَ لَوْ لَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي
الدُّنْيَا ؕ وَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳

And had it not been that Allah Had decreed banishment for them; He would have certainly punished them severely in this world. And for them in the Hereafter, there is punishment of the Fire [of Hell].

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَ مَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ
اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴

This is because they opposed Allah and His Messenger, and whoever opposes Allah [he should know that], indeed, Allah is indeed severe in punishment.

مَا قَطَعۡتُمۡ مِّنۡ لِّيۡنَةٍ اَوۡ تَرَكۡتُمُوۡهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوۡلِهَا
فَبِاِذۡنِ اللّٰهِ وَلِيُخۡزِىَ الۡفٰسِقِيۡنَ﴿۵﴾

O believers! Whatever [of their] date palm trees you cut down or left standing on their rootstocks, it was [only] by the permission of Allah, and so that He might disgrace the defiantly disobedient.